۶۸۹
۲۹۲

قواعد

متعلقہ

صدر بنک امداد باہمی ڈویزن بھونگیر رجسٹری ۲۱۵۱

ضلع نلگنڈہ

قواعد متعلقہ صدر بنک

محدود رجسٹری شدہ ۲۱۵۱

تحت ایکٹ (۲) بابتہ ۱۳۲۳ف ممالک محروسہ سرکار عالی

واقع ۱۲ آبان ۱۳۳۶ف بروز یکشنبہ

قواعد

(۱) نام

اس بنک کا نام "صدر بنک امداد باہمی بھونگیر محدود" اور اس کا رجسٹری شدہ پتہ صدر دفتر صدر بنک امداد باہمی بھونگیر ہوگا۔

(۲) مقاصد

اس بنک کے مقاصد حسب ذیل ہیں۔

(۱) انجمن ہائے امداد باہمی موقوعہ تعلقہ جات بھونگیر و جنگاؤں کو جس کی رجسٹری ایکٹ نمبر ۲ بابتہ ۱۳۲۳ف ممالک محروسہ سرکار عالی ہو چکی ہے۔ قرضہ جات دینا۔

(۲) انجمن ہائے مذکورہ بالا کی نگرانی کرنا۔

(۳) رکنیت

بنک کے ارکان مندرجہ ذیل اشخاص ہو سکیں گے۔

(۱) ہر وہ شخص جسکی عمر ۱۸ سال کی ہو۔ اور جس کے حواس خمسہ درست ہوں۔ اور جسکی سکونت تعلقہ جات بھونگیر یا جنگاؤں میں ہو (اس میں وہ عہدہ داران اور تجارت پیشہ اشخاص بھی شامل ہیں جو عارضی طور سے وہاں سکن گزین ہوں) اور قواعد ہذا کی رجسٹری کی درخواست میں شمولیت رکھتا ہو۔

(۲) وہ اشخاص جنہیں مابعد کو بنک قواعد ہذا اور ایکٹ مذکور کی شرایط کے موجب زائد نفع دینا

(پریمیم) دینے کے بعد حصہ داروں کے ذیل میں تسلیم کرلے۔

(ب) متعلقہ جات متذکرہ صدر کی ہر رجسٹری شدہ انجمن بلا انتخاب رکنیت کی مستحق ہوگی۔

(۴) سرمایہ

بنک کا سرمایہ ذیل کے رقوم پر مشتمل ہوگا۔

(۱) دو لاکھ روپیہ کے دو ہزار حصص فی حصہ سنو روپیہ کے حساب سے ہوں گے۔ جنمیں سے پانسو حصص شخصی ممبران کو دئے جائیں گے۔ اور ڈیڑھ ہزار رجسٹری شدہ انجمنوں میں تقسیم کئے جائیں گے۔

(۲) ارکان (ممبران) اور رجسٹری شدہ انجمنوں کی امانتوں سے۔

(۳) قرضہ اور امانت غیر اراکین (غیر ممبران) سے۔

(۴) متفرق فیس اور مد محفوظ سے۔

(۵) ۔ کوئی رکن دس حصوں سے زیادہ کی خریدی کا مجاز نہ ہوگا۔ بنک سے قرض لینے والی ہر انجمن کو ہر ایک ہزار یا اس کے کسی جزپر جو صدر بنک سے قرضہ حاصل کیا گیا ہو۔ ایک حصہ بطور لازم لینا ہوگا۔

(۶) فیس داخلہ

ہر سائل کو بنک کے حصص کے خریداری کیلئے اپنی درخواست کیساتھ ایک روپیہ بطور فیس داخلہ اور (عہ) بطور قسط اول بابتہ حصص بھیجنے پڑیں گے۔ جو سائل تاریخ داخلہ سے تین ماہ کی مدت میں اپنے قسط کی ادائیگی سے قاصر رہے گا۔ اس کی فیس داخلہ ضبط کرلی جائے گی۔

کسی حصہ یا حصوں کے منتقل علیہ کو فی حصہ ایک روپیہ بطور فیس کے ادا کرنا ہوگا۔ دفعہ (۲۲) ایکٹ کا بابتہ ۱۳۲۳ف ممالک محروسہ سرکار عالی کے بموجب ہر نامزدگی پر ہر رکن کو ایک روپیہ بطور فیس نامزدگی ادا کرنا لازم ہوگا۔

(۷) انتقال حصص

کسی رکن کو اپنا حصہ یا حصص کے انتقال کی اجازت نہ ہوگی۔ تاوقتیکہ کم از کم وہ ایک سال حصہ دار

نہ رہا ہو حصص صرف موجودہ ارکان اور نیز اُن اشخاص اور رجسٹری شدہ انجمنوں پر منتقل ہو سکیں گے۔ جو داخلہ کے اہل ہیں اس نوعیت کے خریداروں کی عدم موجودگی میں حصوں کے خریداری کا بنک مجاز ہوگا۔ کسی انجمن کو شخصی حصہ دار پر کسی حصہ کے منتقل کرنے کا اختیار نہ ہوگا۔

(۸) ذمہ داری

ہر رکن کی ذمہ داری اس کے حصہ یا حصص کے مالیت کی حد تک محدود رہے گی۔

(۹) رکن متوفی کے متعلق

اگر کوئی رکن فوت ہو جائے اور اگر اسی کا نامزد کردہ شخص یا وارث یا قائم مقام متعلق رکن ہونا پسند کرے تو مجلس نظما ایسی صورتیں کہ وہ اوصاف رکنیت رکھتا ہو۔ ایکٹ مذکور اور قوانین ہذا کے بموجب اسکو رکن تسلیم کر سکے گی۔ اور ایسے نامزد شدہ شخص وارث یا قائم مقام متعلق پر متوفی کا حصہ یا حصص منتقل ہو سکیں گے۔ اگر رکن متوفی کا نامزد کردہ شخص وارث یا قائم مقام رکنیت کا اہل نہ ہو تو مجلس نظما کا فرض ہوگا کہ دفعہ (۲۳) ایکٹ (۲) بابتہ ۱۳۲۳ف ممالک محروسہ سرکار عالی کے بموجب کارروائی عمل میں لائے۔

(۱۰)۔ ایسے شخص کے متعلق جو پہلے رکن تھا۔ اور اب نہیں ہے۔ مسدودی رکنیت کی تاریخ سے دو سال تک بنک کے قرضہ جات کے متعلق رکن سابق کی ذمہ داری حسب اندراج دفعہ (۸) ویسی ہی تعبیر کیجائیگی۔ جیسی کہ رکنیت سے سبکدوش ہونے کے وقت تھی۔ رکن متوفی کی جائداد تاریخ وفات سے ایک سال تک جیسا کہ دفعہ (۸) میں مذکور ہے۔ بنک کے قرضہ جات کی اُسی طرح ذمہ دار رہے گی۔ جیسا کہ اس کے وفات کے وقت تھی۔

(۱۱) حصص کی خریداری

ہر سو روپیہ کی حصہ کی قیمت کی ادائیگی بذریعہ دس اقساط کیجائیگی۔ جس کی شرح قسط (۱۰) ہوگی نیز یہکہ دو مسلسل اقساط میں کم از کم تین ماہ کا وقفہ ہو۔ جملہ اقساط کے ادا ہو جانے پر حصہ داروں کو

اُن کے حصص کی بابت فارم (ب) میں ایک صداقت نامہ عطا کیا جائے گا۔

(۱۲) عدم ادائیگی حصص کا تاوان اور اس کی ضبطی

اگر کوئی حصہ دار قسط واجب الادا کو وقت پر نہ ادا کرے تو اس کو اُس قسط کی رقم پر تاریخ مقررہ کے بعد سے ۶ فی صدی سالانہ کے شرح سے منافعہ دینا لازم ہوگا۔ اگر زر واجب الادا کی مدت تین ماہ سے زیادہ گذر جائے تو مجلس نظما واجبی اطلاع دینے کے بعد زر حصص کو معہ ان تمام رقومات کے جو کہ متعلقہ حصص ادا کی گئی ہوں ضبطی کا اعلان کر سکتی ہے۔ اور اس قسم کی رقم مد محفوظ میں جمع کیجائیگی یا مدامانت میں منتقل کر دیجائیگی۔ جس پر منافع تاریخ انتقال سے دیا جائے گا۔

(۱۳) قرضہ جات

بنک کے سرمایہ کی غائت یہ ہوگی کہ وہ محض رجسٹری شدہ انجمن ہائے امداد باہمی کو قرضہ دے۔ قرضہ رجسٹرار صاحب انجمن ہائے امداد باہمی کے حسب منشا دیا جائے گا۔ اور صاحب موصوف میعاد قرضہ اور دیگر شرائط کا تعین یا انتہائی رقوم کی تعداد جو کسی انجمن کو دیجائیگی مقرر فرمائیں گے۔

(۱۴) انتظام

بنک کے نظم و نسق کے متعلق جملہ امور میں مجلس عامہ کا حکم ناطق ہوگا جس میں شرکا حصص حیثیت انفرادی اور ہر حصہ دار انجمن ہائے امداد باہمی کا ایک نمایندہ شریک ہوگا۔ اور اسی مجلس کا انعقاد ہر سال ماہ .... میں ہوا کریگا۔ اور اسی طرح مجلس نظما (بورڈ آف ڈائرکٹرس) اپنی تحریک سے یا کم از کم بیس ۲۰ ممبروں کے تحریری درخواست پر مجلس مرتب کر سکے گی۔ عام مجلس کے ترتیب دینے سے چودہ روز قبل حصہ داروں کو اطلاع دینا لازم ہوگا۔ تمام مسائل بغلبہ آرا فیصل کئے جائیں گے۔ مگر آرا کے مساوی ہونے کی صورت میں صدر کو فیصلہ کن رائے دینے کا استحقاق حاصل ہوگا۔

(۱۵) کارروائی مجلس عامہ

مجلس عام میں حسب ذیل اُمور طے ہوں گے۔

(الف) ڈائرکٹروں (یعنی نظماء) کا انتخاب جن میں سے ایک کو صدر اور ایک کو معتمد بنایا جائے گا۔

(ب) تختہ حساب سالانہ کی منظوری اور تقسیم منافع۔

(ج) رقوم کی انتہائی تعداد کا تعین جو سال میں قرضہ جات امانتوں اور زر اقساط سے فراہم کیجائے گی۔

(د) موجودہ قواعد کی ترمیم اور جدید قواعد کا بنانا (جن کی منظوری کے لئے رجسٹرار صاحب کی منظوری اور مجلس کے دو ثلث کی رائے ضروری ہے۔

(ھ) رجسٹرار صاحب کی تنقیح کی رپورٹ پر غور کرنا۔

(و) ایسے دیگر اُمورات کا تصفیہ کرنا جو مجلس کے سامنے ڈائرکٹران پیش کریں۔

(۱۶) نصاب

نصاب کی تعداد کم از کم تیس یا جملہ ارکان کی مجموعی تعداد کی چوتھائی (ان میں سے جو بھی کم ہو) ہونی چاہئے۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس نصاب کا کم سے کم نصف حصہ انجمنوں کے قائم مقاموں پر مشتمل ہو۔

(۱۷) حق نیابت

حق نیابت بجز پردہ دار مستورات نابالغ اور فاتر العقل اشخاص کے جنکو اپنے سرپرست یا مہتمم کے ذریعے اُوٹ (رائے) دینے کا مجاز ہوگا۔ اور کسی کو حق قائم مقام مقامی نہ دیا جائیگا۔ انجمنوں کو بھی حق نیابت حاصل ہوگا۔

(۱۸) صدر نشین

عام مجلس میں اگر صدر نشیں موجود ہو تو وہی میر مجلس بنیں گے۔ اور اس کی عدم موجودگی میں یہ اعزاز معتمد کو حاصل ہوگا۔ اور اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو ارکان موجودہ کسی رکن کو مجلس کا صدر مقرر کر سکیں گے۔

(۱۹) فیصلہ

تمام مسائل بلحاظ کثرت آرا فیصل کئے جائینگے۔ اگر آرا کے مساوی ہونیکی صورت میں صدر کو فیصلہ کن رائے دینے کا استحقاق حاصل ہوگا۔

(۲۰) رائے دینے کا طریقہ

ہر رکن صرف ایک رائے دینے کا مجاز ہوگا۔ اور اسکی تعداد حصص کے تناسب کو اس سے کوئی واسطہ نہ ہوگا۔

(۲۱) روئداد

جملہ امور جو مجلس عامہ میں معرض بحث میں آچکے ہوں۔ یا تصفیہ پاچکے ہوں۔ روئداد کی کتاب میں درج کئے جائیں گے اور ان پر میر مجلس کی دستخط ثبت ہوں گے۔

(۲۲) ڈائرکٹروں کا انتخاب

بورڈ آف ڈائرکٹرس (یعنی مجلس نظما) جس کا انتخاب حصہ داران کے عام مجلس میں ہوگا۔ (۹) ڈائرکٹر ہوا کریں گے جن میں سے ایک صدر اور ایک معتمد ہوگا۔ اس جماعت میں (۳) قائم مقام منفردہ حصہ داروں کی جانب سے ہوا کریں گے۔ اور (۵) انجمن ہائے امداد باہمی کی جانب سے اس بورڈ کا انتخاب ایک سال کیلئے ہوا کرے گا۔ علحدہ ہونے والے ارکان کا دوبارہ انتخاب ہو سکے گا۔ اگر مذکورالصدر میعاد میں کوئی نشت خالی ہو تو باقی ممبران بورڈ کسی حصہ دار کو مجلس عام کے سالانہ جلسہ تک اس جگہ پر مامور کریں گے۔ جبکہ اس جگہ کے لئے باقاعدہ رکن (ممبر) کا انتخاب ہوگا۔

(۲۳) اختتام عہدہ ڈائرکٹری (نظامت)

اگر کوئی منتخب شدہ ڈائرکٹر مسلسل تین مجلسوں میں شریک نہ ہو تو اس کی جگہ سوخت ہوجائیگی۔

(۲۴) اوٹ (رائے) دینے کا طریقہ

ڈائرکٹرس کی مجلس میں ہر رکن کو ایک اوٹ دینے کا مجاز ہوگا۔ صدر یا نائب صدر کے عدم موجودگی میں ارکان موجودہ میں سے کوئی رکن بطور صدر کے منتخب کیا جائے گا۔ صدر فیصلہ کن اوٹ دینے کا مجاز ہوگا۔

(۲۵) نصاب

نصاب کے متعلق کم از کم بورڈ کے پانچ ممبروں کا ہونا لازمی ہوگا۔

(۲۶) اختیارات و فرائض

بورڈ کے مندرجہ ذیل اختیارات و فرائض ہوں گے۔

(۱) تقسیم و انتقال حصص کا انتظام اور اُن پر منافع کا تقرر اور اقساط کے صداقتناجات کا اجرا کرنا۔

(۲) اقساط جدید کی طلبی کا فیصلہ کرنا۔

(۳) قرضہ کے انتہائی رقوم کا تعین جو ہر انجمن کو دیا جائے گا۔ اور وقت ضرورت اس میں ترمیم کرنا

(۴) در رجسٹرار صاحب کی منظوری سے، قرضہ جات کے شرائط، شرح سود اور ان کی میعاد کا تصفیہ کرنا۔

(۵) وصولی قرضہ جات اور منافع کے متعلق ضروری کارروائی عمل میں لانا۔

(۶) تقرری۔ برطرفی معطلی یا کسی اور طریقہ پر تنخواہ دار یا غیر تنخواہ دار عہدہ داران اور دیگر ملازمین کو تادیب و تنبیہ کرنے میں رجسٹرار صاحب کی توثیق حاصل کرنا۔

(۷) حسابات کی جانچ و تنقیح کرنا

(۸) قرضہ جات لینے کے متعلق معاہدہ کرنا یا بنک کی جانب سے عام ہدایت کے بموجب جن کو مجلس عامہ مرتب کیا ہو سرمایہ فراہم کرنا اور بنک کے اعتبار اور حیثیت پر ایسے قرضہ جات کا لینا۔

(۹) امانتوں اور قرضہ جات پر وقتاً فوقتاً شرح سود مقرر کرنا۔

(۱۰) اس امر کا فیصلہ کرنا کہ آیا امانت دار کو ایکماہ کی اطلاع دینے کے بعد کسی امانت کو واپس کرنا لازم ہے

(۱۱) اخراجات صادر کی منظوری دینا جنکو منتظم یا معتمد انجمن کے انتظام کے متعلق صرف یا تجویز کریں گے

(۱۲) ہر سال جو ۳۱ امرداد کو ختم ہوگا تختہ وصولباقی اور سالانہ رپورٹ حصہ داران کے ملاحظہ کیلئے پیش کرنا۔

(۱۳) بہ مشورہ مہتم قانونی و بذریعہ کسی ڈائرکٹر منتظم یا معتمد کے کسی امر کا استمزاج کرنا۔ یا اسکا چلانا یا حفاظت کرنا اس کے متعلق راضی نامہ کرنا یا پنچایت کے جانب رجوع کرنا۔ یا قانونی کارروائی کو نظرانداز کرنا اور بنک کیجانب سے یا اس کے خلاف یا مجلس کیجانب سے یا اس کے خلاف یا انجمن کے احکام متعلقہ کیجانب سے یا اس کے خلاف دعویٰ پیش کرنا۔

(۱۴) ہر پندرہویں دن رجسٹرار صاحب کے ملاحظہ کے لئے کھاتہ بہی کا تختہ اور نیز ایسے تختہ جات کا پیش کرنا جن کو رجسٹرار صاحب طلب فرماویں

(۱۵) ڈائرکٹران کے لئے جب وہ انجمنوں کا معاینہ یا تنقیح کریں سفر خرچ مقرر کرنا ۔

(۲۷) روئداد

جملہ امورات جن پر ڈائرکٹروں کی مجلس میں بحث ہو چکی ہو ۔ یا طے پا چکی ہوں ۔ روئداد کی کتاب میں درج کیجائینگی ۔ اور اُن پر میر مجلس کی دستخط ثبت ہوں گے

(۲۸) تقرر منتظم یا معتمد

ڈائرکٹروں کو مجاز ہوگا کہ اپنی جماعت میں سے یا بیرون جماعت میں تنخواہ دار یا اعزازی منتظم یا معتمد کا تقرر کریں اور اس سے ایسی ضمانت طلب کریں جن کو وہ کافی تصور کرتے ہوں ۔

(۲۹) اختیارات و فرائض

منتظم یا معتمد کے اختیارات مندرجہ ذیل ہوں گے ۔

(۱) دفتر کے کام کی نگرانی اور درستگی حساب کی ذمہ داری ۔

(۲) انجمنوں کو قرضہ جات کی اُن انتہائی رقوم کا ادا کرنا جو اُس کے لئے مقرر ہو چکی ہیں ۔

(۳) اس ضمانت کی تنقیح کرنا جو بسلسلہ قرضہ جات دیگئی ہے ۔

(۴) میعادی امانتوں کا وصول کرنا اور اقساط امانت اور اُن شرائط پر جو پہلے طے ہو چکی ہیں بمد اقتضا تمسکات کا اجرا کرنا

(۵) بنک کی واجب الادا رقوم کا وصول کرنا ۔ اور اُن کی رسیدات کا اجرا کرنا ۔

(۶) تمام رقوم کا ادا کرنا جو بذمہ بنک واجب الادا ہیں ۔

(۷) اخراجات یا صادر کو حسب تجویز ڈائرکٹران صرف کرنا ۔

(۸) بنک کی جانب سے دستخط کرنا ۔

(۹) بنک کی جانب سے جملہ خط و کتابت کو انجام دینا ۔

(۱۰) مجالس عامہ و کمیٹی کے جلسوں کا انعقاد کرنا اور اُن میں شریک ہوتا۔

(۱۱) امور بنک اور اُن کاروبار کو چلانا اور اُن فرائض کو انجام دینا جو ڈائرکٹروں کیجانب سے تفویض کئے جائیں۔

(۳۰) معائنہ انجمن ہائے ملحقہ

جب کبھی ڈائرکٹران بنک مناسب خیال کریں۔ ہر انجمن ملحقہ کا معائنہ کر سکتے ہیں یا کرا سکتے ہیں۔ عہدہ داران انجمن کا فرض ہوگا کہ معائنہ انجمن میں ممکنہ سہولت پیدا کریں ایسا معائنہ ان قواعد کے بموجب کیا جائے گا۔ جن کو بورڈ آف ڈائرکٹران مرتب کریں۔

(۳۱) تکمیل دستاویزات

جملہ برادردات یا دیگر دستاویزات پر یا سوائے رسیدات کے منجانب بنک تحریر کیجائیں۔ بورڈ آف ڈائرکٹرس کے کم سے کم دو رکنوں اور منیجر و یا سکرٹری کے دستخط بحیثیت قائم مقام بنک ثبت ہوں گے۔

(۳۲) خزانچی

ڈائرکٹران کسی ڈائرکٹر یا غیر شخص کو خزانچی مقرر کر سکتے ہیں۔ اور ان کو اُس سے ایسی ضمانت لینے کا اختیار ہوگا۔ جو اُن کی دانست میں کافی ہو۔

(۳۳) منافع اور رقم محفوظ

منافع کی تقسیم حسب ذیل ہوگی۔

(۱) ایک ربع مد محفوظ میں

(۲) آٹھواں حصہ انجمن ہائے امداد باہمی کے معائنہ و نگرانی کے فیس میں۔

(۳) ادائی منافع پر حصص (ڈیویڈنڈ) جو دس فی صدی سے زائد نہ ہوگا۔

(۴) مقاصد ہائے مندرجہ ذیل میں سے کسی پر۔

(الف) اضافہ رقم محفوظ۔ (ب) انعام بہ ملازمین۔ (ج) اجتماع رقم بغرض ادائی سرمایہ قرض گرفتہ

(د) تخفیف سود قرضہ جو انجمن ہائے امداد باہمی کو دیا گیا ہے۔

(۳۴) رقم برائے ادائی سرمایہ

قرضہ لئے ہوئے سرمایہ کی ادائی کے لئے جو رقم فوراً درکار ہو۔ وہ کاروبار بنک میں لگائی جاسکے گی۔

(۳۵) مد محفوظ کا منافع پر لگانا

مد محفوظ حسب ہدایت رجسٹرار صاحب منافع پر لگائی جائے گی۔

(۳۶) انفساخ

صرف رجسٹرار صاحب کے حکم سے یا دو ثلث حصہ داران یا اُن کے نائبین کی کثرت رائے سے جو اس غرض سے اجلاس عام منعقد کریں بنک فسخ کیا جائے گا۔

(۳۷) نام زدہ اشخاص

ہر حصہ دار اپنی درخواست میں اس شخص یا اشخاص کے نام درج کرے گا جن کو وہ اپنی رقوم کا منافع بصورت وفات خود ادا کرنا چاہتا ہے۔ اور بنک وہ رقم جو حصہ دار متوفی کو واجب الادا ہو۔ اُس شخص یا اشخاص کو ادا کرے گا جن کا نام درخواست میں درج ہے۔ نام زدہ اشخاص کا ایک رجسٹر رکھا جائیگا۔ اور حصہ دار کو اختیار ہے۔ کہ وہ وقتاً فوقتاً نامزد اشخاص کو رجسٹر میں دستخط کر کے بدلتا رہے۔

(۳۸) امانت ہائے مشترکہ

امانت دو شخصوں کے نام سے مشترکاً یا منفرداً وصول کردہ درج کتاب بنک کی جاسکتی ہے۔ اور اسی امانت اور اس کا سود دونوں میں سے کسی شخص کو یا اُن میں سے کسی کے مرجانے پر دوسرے شخص کو ادا کیا جائیگا۔

(۳۹)۔ اگر قانون سرکار عالی نشان (۲) بابتہ ۱۳۲۳ف یا قواعد ہذا کی کسی عبارت یا کسی امر کے متعلق شبہ پیدا ہو تو مجلس نظما یا عام مجلس اراکین کا فرض ہے کہ رجسٹرار صاحب سے مشورہ کریں اور اس پر عمل کریں۔

(۴۰)۔ قواعد ہذا میں کوئی تبدیلی۔ ترمیم یا اضافہ جائز نہ ہوگا۔ تا وقتیکہ رجسٹرار صاحب اسکی

رجسٹراری زیر قانون نہ کریں۔ اگر کسی تبدیلی، ترمیم یا اضافہ حصہ دار رکن یا انجمن کی ذمہ داری قرضہ بنک کی نوعیت یا وسعت کے متعلق ہو تو وہ جائز نہ ہوگی تاوقتیکہ سرکار عالی اُسے منظور نہ کرے۔

(۴۱)۔ ختم سال پر بنک سے ایکماہ کے اندر حسب ذیل تختہ جات مرتب کئے جائیں گے۔

(۱) تختہ جمع و خرچ سال گذشتہ۔

(۲) تختہ املاک و قرضہ جو سال گذشتہ کے آخری روز تھا۔ (از ۱۶ ۱)

(۳) تختہ نفع و نقصان۔

یہ تینوں تختہ جات بلا تعویق رجسٹرار صاحب کے پاس بھیجے جائیں گے۔ جب رجسٹرار صاحب تینوں تختوں کی تصدیق کرکے صداقت نامہ دیدیں تو بنک یہ تختہ حسب طریقہ منظورہ رجسٹرار صاحب شایع کرے گا۔

(۴۲)۔ جملہ مقدمات منجانب یا خلاف بنک سکرٹری کے نام سے رجوع کئے جائیں گے۔

(۴۳)۔ ہر ایک حصہ دار بنک کو (شخصی ہو یا جماعتی) ان قواعد ذیل کا ایک نسخہ مفت دیا جائیگا۔

[illegible] حیدرآباد دکن